15/06/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **عابدہ اختر**

امریکہ ایران

امریکہ اور ایران نے مغربی ایشیا میں 107 روزہ جنگ کو ختم کرنے اور آبنائے ہرمُز کو کھولے جانے سے متعلق ایک معاہدہ طے کیا ہے ۔تیل کی عالمی سپلائی کے پانچویں حصے کا گزر اسی آبی راہداری سے ہوتا ہے ۔

اس امن معاہدے پر 19 جون کو سویزرلینڈ میں دستخط کئے جائیں گے ۔ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ ایرانی بندرگاہوں پر عائد پابندیوں کو ہٹائیں گے اور آبنائے ہرمُز ، معاہدے پر دستخط کے بعد جمعہ کے دن کھلے گی ۔ انہوں نے کہا کہ یہ معاہدہ پورے خطے میں امن اور سلامتی کو یقینی بنائے گا ۔

وزیر اعظم

کے ساتھ باہمی میٹنگ Robert Fico میں اپنے ہم منصب Slovakia وزیر اعظم نریندر مودی آج سے بھی ملاقات کریں گے ۔ Peter Pellegrini کے صدر Slovakia کرنے کے علاوہ

کے تعلقات میں مزید لچک Slovakia وزیر اعظم نے کہا کہ ان کے اس دورے سے بھارت اور آنے کے علاوہ دونوں ملکوں کے بیچ تعاون اور اشتراک کے نئے دریچے کھلیں گے ۔

میں Nice کے ہمراہ Emmanuel Macron اس سے پہلے کل نریندر مودی نے فرانس کے صدر کا افتتاح کیا۔ اس موقعہ پر انہوں نے کہا ۔ Innovates بھارت

لیفٹنٹ گورنر ملاقات

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے لوک بھون سرینگر میں کئی اہم شخصیات نے ملاقات کر کے اپنے اپنے شعبوں سے جڑے معاملات پر ان کے ساتھ گفت شنید کی ۔

ملاقات کرنے والوں میں سابق مرکزی وزیر ڈاکٹر کرن سنگھ// ایم ایل اے جسروٹا راجیو جسروٹیہ// ضلع ترقیاتی کونسل شوپیان کے سابق وائس چیرمین عرفان منہاس // جموں کشمیر میں Informatics سینٹر کے سینئر ڈائریکٹر سنجے کمار پوری // اور محبوب العالم سپورٹس نیشنل کلب کشمیر کے منیجر شبیر احمد شاہ کی قیادت والا ایک وفد شامل ہیں ۔

جاوید احمد رانا

جل شکتی ، جنگلات و ماحولیات اور قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے وادی میں زیر عمل ترقیاتی پروجیکٹوں کو پورے معیار کے ساتھ مقررہ وقت پر مکمل کرنے کی ہدایت دی ہے ۔

محکمہ جل شکتی اور آبپاشی کے سینئر افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران وزیر موصوف نے کہا کہ عمر عبداللہ کی زیرِ قیادت سرکار ہر شہری کی بہبودی اور ترقیاتی کاموں کی بر وقت تکمیل نیز زمینی سطح پر معیاری خدمات کی فراہمی کے لئے کمر بستہ ہے ۔

سیاح

کشمیر میں آج کل سیاحوں کی ایک بڑی تعداد موجود ہے ۔ ملک کی دیگر ریاستوں میں شدید گرمی کے پیش نظر وہ یہاں کے قدرے معتدل آب و ہوا سے لطف اندوز ہو رہے ہیں ۔

ملک اور بیرون ملک سے آنے والے سیلانی کشمیری لوگوں کی مہمان نوازی اور خندہ پیشانی سے بھی متاثر ہو رہے ہیں ۔

ماتا کھیر بھوانی میلے

کمشنر ڈاکٹر اروند کاروانی نے کولگام کا دورہ کر Rehabilitation جموں کشمیر کے ریلیف اینڈ کے وہاں منزگام اور دیوسر میں ماتا کھیر بھوانی میلے کے سلسلے میں انتظامات کا جائزہ لیا ۔

ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ کمشنر موصوف نے میلہ کھیر بھوانی کے پیش نظر شردھالوو

ں کے لئے پینے کے پانی ، ٹرانسپورٹ ، صفائی ستھرائی اور دیگر سہولیات کی دستیابی کا ئ جائزہ لیا ۔

DGP

جموں کشمیر پولیس کے سربراہ نلن پربھات نے سرینگر میں اعلیٰ افسروں کی ایک میٹنگ طلب کر کے اس سال کی شری امر ناتھ جی یاترا کے ا□سن ان□قاد کے لئے کئے گئے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا ۔

انہوں نے □ساس مقامات پر فوری ردِ عمل دکھانے والی ٹیمیں □ینات کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے امن میں رخنہ ڈالنے والے عناصر کی سرگرمیوں پر کڑی نگاہ رکھنے کی بھی ہدایت دی ۔

اطلاع

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ آج اور کل صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 0194-2452019 پر ہو رہی ہے ۔

درجہ □رارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ □رارت 13 اعشاریہ 9 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ 26 اعشاریہ 7 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا □افظ